مولانا حامد الحق حقانی

دارالعلوم کے شب و روز

وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف کی حضرت مہتمم صاحب کی ملاقات:

وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی خصوصی دعوت پر حضرت مہتمم صاحب نے وزیر اعظم ہاؤس میں ان سے تفصیلی ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے پاکستان میں جاری شورش، ڈرون حملوں، غیر ملکی جارحیت اور قیام امن سمیت دیگر اہم ایشوز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم صاحب نے حضرت مہتمم صاحب سے طالبان سے مذاکرات اور قیام امن کے لئے درخواست کی۔ حضرت مہتمم صاحب نے قیام امن کے حوالے سے اس حکومتی موقف اور اقدام کو سراہا اور فرمایا کہ فوجی آپریشن اور جنگ مسائل کا حل نہیں بلکہ مذاکرات اور بات چیت سے تمام مسائل آسانی سے حل ہوسکیں گے۔ حضرت مہتمم صاحب نے وزیر اعظم کو یقین دلایا کہ وہ طالبان سے مذاکرات کے لئے سنجیدہ کوشش کریں گے۔ حضرت مہتمم صاحب ڈرون حملوں اور امریکی جارحیت کو روکنے کے لئے وزیر اعظم سے مطالبہ کیا کہ وہ ہر حال میں کردار ادا کریں تو یقیناً بہت سے مسائل حل ہوسکیں گے۔

جناب عمران خان و دیگر سیاسی زعماء کی دارالعلوم آمد:

پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین جناب عمران خان صاحب، حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے اکوڑہ خٹک تشریف لائے اور مختلف سیاسی و سماجی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ پھر دونوں رہنماؤں نے مشترکہ پریس کانفرنس بھی کی۔ عمران خان صاحب کے ساتھ وفد میں پارٹی کے سیکرٹری جنرل جناب جہانگیر ترین، وزیر اعلیٰ جناب پرویز خٹک، وزیر صحت جناب شوکت علی یوسفزئی، میاں جمشید الدین کاکاخیل اور ادریس خٹک وغیرہ سمیت دیگر ایم پی ایز بھی تھے، اس کے علاوہ نامور اینکر و صحافی جناب کاشف عباسی اور دیگر اہم صحافی بھی موجود تھے۔

دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام قومی قبائلی جرگہ:

۲۲ر دسمبر ۲۰۱۳ء: دفاع پاکستان کونسل نے امریکی ڈرون حملوں اور نیٹو سپلائی کیخلاف المرکز الاسلامی پشاور میں گرینڈ جرگہ کا انعقاد کیا جس میں دفاع پاکستان کونسل کی مرکزی قیادت کے علاوہ قبائلی مشران نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ قبائلی زعماء نے امریکہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ڈرون حملوں میں زیادہ تر ہمارے بچے اور خواتین شہید ہو رہے ہیں۔ لہٰذا اس کو فی الفور روکا جائے۔